**KHYBER PUKHTUNKHWA, PUBLIC SERVICE COMMISSION, PESHAWAR.**

SUBJECT: - **COMPETITIVE EXAMINATION FOR THE POSTS OF PROVINCIAL MANAGEMENT SERVICE (BPS-17)**

**2010**

**URDU PAPER-II**

**Time Allowed: 03 hours** **Max: Marks: 100**

سوال نمبر ۱۔ درج ذیل اجزاء میں سے ایک جزو کے اشعار کی تشریح کیجئے۔ (۲۰)
شاعر کا نام بھی لکھیئے اور پہلے جزو کی صورت میں نظم کا عنوان بھی دیجئے۔

(ا) دلیلِ صبحِ روشن ہے ستاروں کی تنک تابی
افق سے آفتاب ابھرا، گیا دورِ گراں خوابی!
عروقِ مردۂ مشرق میں خونِ زندگی دوڑا
سمجھ سکتے نہیں اس راز کو سینا و فارابی
مسلماں کو مسلماں کر دیا طوفانِ مغرب نے
تلاطم ہائے دریا ہی سے ہے گوہر کی سیرابی

(ب) آہ کو چاہیئے اِک عمر اثر ہوتے تک
کون جیتا ہے تری زلف کے سر ہوتے تک
دام ہر موج میں، ہے حلقۂ صد کامِ نہنگ
دیکھیں کیا گزرے ہے قطرے پہ گہر ہوتے تک
عاشقی صبر طلب، اور تمنا بیتاب
دل کا کیا رنگ کروں خونِ جگر ہوتے تک

سوال نمبر ۲۔ حوالۂ متن اور سیاق و سباق کے ساتھ کسی ایک اقتباس نثر کی تشریح کیجئے۔ (۲۰)

(ا) چمنستانِ دہر میں بارہا روح پرور بہاریں آچکی ہیں۔ چرخِ نادرۂ کار نے کبھی کبھی بزمِ عالم اس سروسامان سے سجائی کہ نگاہیں خیرہ ہو کر رہ گئی ہیں۔ لیکن آج کی تاریخ وہ تاریخ ہے جس کے انتظار میں پیرِ کہن سالِ دہر نے کروڑوں برس صرف کر دیئے۔ سیارگانِ فلک اسی دن کے شوق میں ازل سے چشم براہ تھے، چرخِ کہن مدت ہائے دراز سے اسی صبحِ جاں نواز کے لئے لیل و نہار کی کروٹیں بدل رہا تھا۔

(ب) کسی ملک یا کسی قوم میں طبعی طور سے اعلیٰ قابلیت کا ہونا بالکل ممکن ہے، لیکن اگر وہ تعصب یا کسی اور وجہ سے اپنے آپ کو بیرونی اثر سے الگ اور

P.T.O

Exampen

CS CamScanner

محفوظ رکھنا چاہے گی اور صرف اپنے اندرونی وسائل اور ذرائع سے بڑھنے کی کوشش کرے گی تو اس کی ترقی شاہراہ تمدن پر بہت سست ہوگی۔ دنیا میں کسی قوم کی ایسی مثال نہیں ملتی کہ انہوں نے بیرونی وسائل سے فائدہ اٹھائے بغیر دنیا میں اعلیٰ ترقی کی ہو۔

## حصہ دوم

مندرجہ ذیل پانچ سوالوں میں سے تین کا جواب لکھیے۔

سوال نمبر 3۔ مولوی عبدالحق کی خاکہ نگاری پر تفصیلی مضمون لکھیے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ مشتاق احمد یوسفی کے یہاں مزاح واقعاتی یا سانحاتی نہیں ہے بلکہ گفتگو اور تبصرے کا ہے اور شستگی اس مزاح کا جوہر ہے۔ آپ اس سے کس حد تک اتفاق کرتے ہیں۔

سوال نمبر 5۔ ہجرت اور یادِ ماضی ناصر کاظمی کی شاعری کے خاص موضوعات ہیں۔ "دیوان" کے حوالے سے اظہارِ خیال کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 6۔ میر کے غم میں یاس کی تلخی پائی جاتی ہے لیکن ان کا غم ہمت شکن نہیں۔ اظہارِ خیال کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 7۔ فیض کی شاعری میں ابتلائے زمانہ کی وجہ سے غم و الم کی کیفیت پیدا ہوگئی ہے مگر اس پر شعلہ خیز جوش و جذبہ غالب آجاتا ہے۔ "سرِ وادیٔ سینا" کے حوالے سے بحث کیجیے۔ (20)

ExamPen